ضروری بھی۔ قادیانیوں کے تعاقب میں ختم نبوت کے جانبازوں کے لئے یہ "صارم مسلول" ہے۔ البتہ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، کاغذ اور سیٹنگ غرض، کسی چیز میں سلیقہ مندی نہیں ہے۔ نیز عربی زبان کی تقاریر میں عجمیت بہت زیادہ ہے۔

حضرت نانوتویؒ اور خدمات ختم نبوت: تالیف: مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم، ناشر: جامعۃ الطیبات للبنات الصالحات، صفحات: 384، سائز: 23×36/16، قیمت: درج نہیں۔

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ تاریخ اسلام کی ان نابغہ روزگار شخصیات میں سے ہیں، جن پر مسلمان بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں، بلا مبالغہ وہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک تھے، اور اسلام کی حقانیت پر ان کے مسلمان ہونے سے استدلال کیا جا سکتا تھا، وہ دارالعلوم دیوبند کے حسی و روحانی بانی و معمار تھے، ظلمت کدۂ ہند میں انہوں نے صحیح اسلامی افکار و نظریات کو فروغ دیا، دینی شعور و آگہی کی شمع روشن کی اور حق گوئی و بے باکی اور شجاعت و بسالت کی شاندار مثالیں قائم کیں۔ ان کی قومی و ملی خدمات اور علمی آثر کا دائرہ بہت وسیع ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں مؤلف نے حضرت نانوتویؒ کی ختم نبوت سے متعلق خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے، تقریباً حضرت نانوتویؒ کے تیئیس (23) کتب و رسائل کی ورق گردانی کر کے ان میں سے ایسی عبارات پیش کی ہیں، جن میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و مدحت اور ان کے منصب ختم نبوت کے بارے میں حضرت نانوتویؒ کے جذبات و احساسات اور عقیدہ و ایمان کی قوت و حرارت کا اندازہ ہوتا ہے، بلاشبہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے حضرت نانوتویؒ کی خدمات برصغیر کی تاریخ میں اساس اور بنیاد کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان کے بعد اس موضوع پر جو کچھ لکھا گیا وہ سب انہی کی مرہون منت ہیں۔

یہ کتاب ایک قابل قدر علمی کاوش ہے جس پر مؤلف اہل اسلام کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ یہ کتاب مضبوط جلد بندی کے ساتھ ہلکے کاغذ پر چھپی ہے۔ البتہ سیٹنگ میں سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

اپنی نمازیں درست کیجئے: تالیف: مفتی محمد حنیف عبدالمجید، ناشر: دارالہدیٰ، صفحات: 96، قیمت: 70 روپے۔

نماز اسلام کے ارکان میں سے انتہائی اہمیت کا حامل رکن ہے، قرآن و حدیث میں اس کی پرزور تاکید کی گئی ہے اور اس کی ادائیگی پر بیش بہا ثمرات کے وعدے کئے گئے ہیں۔ اس عبادت کی ایک اہم خصوصیت و تاثیر یہ ہے کہ اگر اسے اس کی شرائط، ارکان اور آداب کی بھرپور رعایت کرتے ہوئے خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کیا جائے تو اس کی برکت سے انسان تمام برائیوں اور بے حیائی کے کاموں سے رک جاتا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں نماز کو اس مطلوبہ معیار پر لانے کا طریقہ نہایت آسان و عام فہم اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ مناسب کاغذ پر چھپی ہے۔